© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**ملاقاتیں**، ڈاکٹر سید عبدالباری۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف آب جکٹیو اسٹڈیز، نئی دہلی۔ صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۱۴۵ روپے۔

ڈاکٹر سید عبدالباری [شبنم سبحانی] بھارت کے معروف اُردو ادیب، نقاد اور شاعر ہیں۔ ان کی مرتبہ یہ کتاب بیسویں صدی کی حسب ذیل ممتاز شخصیات سے مصاحبوں کا مجموعہ ہے: ○ ڈاکٹر سید محمود ○ ڈاکٹر عبدالجلیل فریدی ○ جناب محمد اسماعیل ○ بیرسٹر یٰسین نوری ○ قاری محمد طیب ○ مولانا عبدالماجد دریابادی ○ مفتی عتیق الرحمٰن ○ محمد مسلم ○ بدرالدین طیب جی ○ مفتی فخرالاسلام ○ مولانا ابواللیث اصلاحی ○ مولانا صدرالدین اصلاحی ○ الحاج ذوالفقار ○ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔

بقول مولف: ''یہ وہ افراد ہیں جنھوں نے گذشتہ صدی میں ملک وملت کی تعمیر وترقی اور اسے تباہی وانتشار سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا اور اس صدی کی برصغیر کی تاریخ ان کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی''۔

ڈاکٹر سید عبدالباری کا انداز، روایتی انٹرویو نگاروں سے قدرے مختلف ہے۔ مصاحبے کا آغاز وہ براہِ راست سوال جواب سے نہیں کرتے، بلکہ انٹرویو سے پہلے باقاعدہ ایک تمہید باندھتے ہیں اور اس تمہید میں، وہ ماحول کا پورا نقشہ کھینچتے اور گردوپیش پر تبصرہ بھی کرتے ہیں۔ بتاتے ہیں کہ کس شخصیت تک وہ کب اور کیسے پہنچے؟ اس سفر کی مختصر روداد بھی بیان کردیتے ہیں۔ اُن کے دل کش اور افسانوی اسلوب کی وجہ سے، اس طرح کی تمہیدات کہیں کہیں تو ایک شگفتہ سفرنامے کا ٹکڑا معلوم ہوتی ہیں۔ پھر متعلقہ شخصیت سے قاری کو متعارف کروانے کے لیے اُس کا سراپا بیان

© rasailojaraid.com